Tarjuma Tul Quran Majeed - FA Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 1 Short Questions Test

Q1. سورۃ البقرہ کے مطالعے کے دو علمی اور عملی نکات تحریر کریں-

Ans 1: 1- ایمان کا اظہار عمل س ہوتا ہے جس میں اولین عمل نماز ادا کرنا ہے. 2- اللہ تعالی کے حکم کی خلاف ورزی اور تکبر کرنا شیطانی طرز عمل ہے.

Q2. سورۃ التوبہ کو سورۃ التوبہ کیوں کہا جاتا ہے.

Ans 1: اس سورت کو سورۃ التوبہ اس لیے کہا جاتا ہے کہ اس میں ان چند صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کی توبہ قبول ہونے کا زکر ہے جو کسی وجہ سے غزوہ تبوک کی مہم میں شریک نہ ہوسکے اور بعد میں انھوں نے اپنی اس غلطی کا اعتراف کرتے ہوئے سچی توبہ کی.

Q3. لفظ کے معنی تحریر کریں- یومنون- رزقنھیم- انزل- سواء- لایومنون- غشاوۃ- القیوم - نوم

Ans 1: یومنون- وہ ایمان رکھتے ہیں- رزقنھم- ہم نے انہیں رزق عطا کیا- انزل- نازل فرمایا گیا- سواء- برابر ہے - لا یومنون- وہ ایمان نہیں لائیں گے غشاوہ- پردہ القیوم - سب کو قائم رکھنے والا- نوم - نیند

Q4. سورۃ ال عمران کی کون سی آیت مباہلہ کہلاتی ہے.

Ans 1: سورۃ ال عمران کی ایت اکسٹھ ایت مباہلہ کہلاتی ہے.

Q5. مندرجہ زیل لفظ کے معنی تحریر کریں- ریب - یقیمون- ینفقون - یوقنون - ام - ختم

Ans 1: ریب - شک یقیمون - وہ قائم کرتے ہیں- ینفقون - وہ خرچ کرتے ہیں- یوقنون - وہ یقین رکھتے ہیں- ام - یا ختم - مہر لگادی

Q6. الفاظ کے معنی تحریر کریں- ینھون- مسکن- اتبعوھم- اعد- عزیز علیہ- حریض- حسبی اللہ

Ans 1: ینھون- وہ روکتے ہیں- مسکن- مکان- اتبعوھم- ان کی پیروی کی اعد- اس نے تیار کیہے ہیں- عزیز علیہ- ان پر بہت گراں گزرتا ہے- حریص- خواہش مند ہیں- حسبی اللہ- میرے لیے اللہ ہی کافی ہے.

Q7. سورۃ الانفال میں اہل مکہ کے کردار کو کس سے تشبیہ دی گئی ہے؟

Ans 1: مکہ مکرمہ میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین اعلان نبوت کے بعد تیرہ سال مقیم رے- اس دوران مکہ مکرمہ کے کفار نے نبی کریم صلی اللہ خاتم النبین اور آپ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے جاں نثار صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کو طرح طرح سے ستانے اور ناقابل برداشت تکلیفیں پہنچانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی.

Q8. غزوہ تبوک میں مسلمانوں کا مقابلہ کس سے تھا؟

Ans 1: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے اعلان جہاد فرمایا . صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کو حکم دیا کہ ملک شام جاکر قیصر روم کی افواج سے مقابلہ کیا غزوہ تبوک میں حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اگر یہ اقدام نہ فرماتے تو اسے اسلام اور مسلمانوں کی کمزوری سمجھا جاتا- منافقین نے مسلمانوں کو بددل کرنے کی بھرپور کوشش کی لیکن وہ اپنے اس مذموم ارادے مین کامیاب نہ ہوسکے.

Q9. لفظ کے معنی تحریر کریں- زنوبنا- الابرار- لاتخلف- نزع- تنل- تخرج- مسومین- لاولی الباب-

Ans 1: زنوبنا- ہمارے گناہ- الابرار- نیک لوگ- لاتخلف- تو خلاف نہیں فرماتا- تنزع- تو چھین لیتا ہے- تنل- تو ذلیل کرتاہے- تخرج- تو نکالتا ہے- مسومین- نشان زدہ- لاولی الباب- عقل مندوں کے لیے-

Q10. لفظ کے معنی تحریر کریں- یسلونک- اصلحوا- وجلت - یتوکلون- فتہ- فتفشلوا- بطرا-

Ans 1: یسّلونک- وہ آپ سے سوال کرتے ہیں- اصلحوا- درست رکھو- وجلت- کانپ اٹھتے ہیں- یتوکلون- وہ توکل کرتے ہیں- فتنہ- کوئی لشکر فتفشلوا- ورنہ تم کم ہمت ہوجاؤگے- بطرا- اکڑتے ہوئے